19-06-2024

21.15 Hrs

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

☆ حکومت نے خریف کی 14 فصلوں کیلئے کم سے کم امدادی قیمتوں کی منظوری دی ہے۔

☆ مرکز نے مہاراشٹر کے Vadhavan میں 76 ہزار 200 کروڑ روپئے مالیت کے گرین فیلڈ ڈیپ ڈرافٹ بندرگاہ کی ترقی کیلئے پروجیکٹ کو منظوری دی۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے سرکردہ ماہرِ معاشیات کے ساتھ، بجٹ سے قبل صلاح ومشورے کے پہلے دور کا انعقاد کیا۔

☆ دلّی میں شدید گرمی سے 16 اموات ہوئی ہیں۔ وزارت صحت نے ریاستوں کو تیاری اور گرمی سے متعلق بیماریوں سے نمٹنے کیلئے بروقت کارروائی کرنے کی ایڈوائزری جاری کی ہے۔

☆ سعودی عرب کے مکہ مکرمہ میں انتہائی شدید گرمی میں 550 سے زیادہ عازمین حج جاں بحق ہوگئے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

Cabinet Decisions

حکومت نے 14 فصلوں کیلئے کم سے کم امدادی قیمت میں اضافہ کرنے، مہاراشٹر میں Vadhavan بندرگاہ کی ترقی اور گجرات اور تمل ناڈو میں پہلا ساحل سے دور وِنڈ ٹرمنل تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے وارانسی ہوائے اڈّے اور قومی فورینسک بنیادی ڈھانچے کی توسیع کی اسکیم کی ترقی کیلئے بھی فیصلے کئے ہیں۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ حکومت نے کابینہ میٹنگ میں پانچ اہم فیصلے کئے ہیں۔ فیصلوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے 14 فصلوں سے متعلق 2024-25 مارکیٹنگ سیزن کیلئے خریف کی فصلوں کیلئے کم سے کم امدادی قیمتوں MSP کو منظوری دی ہے۔

انھوں نے کہا کہ دھان، کپاس، جوارباجرہ، دالوں، تیلوں کے بیج کیلئے MSP میں نمایاں اضافے سے کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی تیسری مدت بہت اہم ہے کیونکہ اس کی توجہ کسانوں

کیلئے بہت سے فیصلوں کے ذریعے تبدیلی کے ساتھ جاری رکھنے پر مرکوز ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت ملک بھر میں دو لاکھ گودام تعمیر کرنے پر کام کر رہی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے مہاراشٹر کے Vadhavan میں کُل موسمیاتی گرین فیلڈ بندرگاہ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس بندرگاہ کی تعمیر پر 76 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ خرچ کئے جائیں گے اور تکمیل کے بعد یہ بندرگاہ دنیا کی 10 اعلیٰ بندرگاہوں میں سے ایک ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ اِس بندرگاہ کی تعمیر دو مرحلوں میں کی جائے گی اور اِس کی صلاحیت 23 ملین TEU کی ہوگی۔

انھوں نے کہا کہ یہ بندرگاہ آنے والے سالوں میں روزگار کے تقریباً 12 لاکھ مواقع وضع کرے گی۔ جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت ملک میں قابل تجدید توانائی کی صلاحیت میں اضافہ کرنے پر مسلسل کام کر رہی ہے اور اِس سمت میں حکومت نے پہلا ساحل سے دور وِنڈ ٹرمنل تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گجرات اور تمل ناڈو میں دو پروجیکٹ شروع کئے جائیں گے جن میں سے ہر ایک کی صلاحیت 500 میگاواٹ کی ہوگی۔x

PM Nalanda

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ مرکزی حکومت ملک کے اعلیٰ تعلیمی نظام کو زیادہ ایڈوانس اور تحقیق پر مبنی بنانے کے تئیں کام کر رہی ہے۔ انھوں نے دنیا میں انتہائی جامع اور مکمل مہارت کے نظام کو وضع کرنے کی حکومت کی کاوشوں کو بھی اجاگر کیا۔ جناب مودی آج بہار کے راجگیر میں نالندہ یونیورسٹی کے نو تعمیر شدہ کیمپس کا افتتاح کرنے کے بعد اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B 2100 PM Advance Universities

وزیر اعظم نے قدیم نالندہ یونیورسٹی کے کھنڈرات کا بھی دورہ کیا۔ اصل نالندہ یونیورسٹی دنیا میں پہلی رہائشی یونیورسٹیوں کے مابین مقام رکھتی ہے۔ قدیم نالندہ یونیورسٹی کے کھنڈرات کو 2016 میں اقوام متحدہ کا آثارِ قدیمہ قرار دیا گیا تھا۔x

PMJ&K VISIT

وزیراعظم کل جموں وکشمیر کے اپنے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ وہ مرکز کے زیرانتظام علاقے میں ایک ہزار پانچ سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 84 بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ جناب مودی کل سری نگر میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور جموں وکشمیر کی کایہ پلٹ کے موضوع پر ایک پروگرام میں بھی شرکت کریں گے۔ وزیراعظم دو ہزار سے زائد افراد کو سرکاری نوکریوں کے تقررنامے بھی سونپیں گے۔ اس کے علاوہ وزیراعظم جناب مودی ایک ہزار 8 سو کروڑ روپے کی لاگت والے زرعی اور متعلقہ شعبوں میں بہتر مسابقت سے متعلق ایک پراجیکٹ کا بھی آغاز کریں گے۔ 21 جون کو وزیراعظم مودی سری نگر میں یوگ کے دسویں بین الاقوامی دن کی تقریبات کی قیادت کریں گے اور یوگا اجلاس میں شرکت کریں گے اور اجتماع سے خطاب کریں گے۔ x

NIRMALA PRE BUDGET

خزانہ اور کارپوریٹ امور کی وزیر محترمہ نرملا سیتارمن نے عام بجٹ 2024-25 سے پہلے آج نئی دلی میں سرکردہ ماہرینِ اقتصادیات کے ساتھ بجٹ سے پہلے صلاح مشورہ کے پہلے دور کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں وزارت خزانہ کے وزیرِمملکت پنکج چودھری، خزانہ سکریٹری، اقتصادی امور کے محکمے ،محصولات، مالی خدمات اور کارپوریٹ امور کے سکریٹریز نیز اعلی اقتصادی مشیر نے شرکت کی۔ X

RBI NBFCs

ریزرو بینک آف انڈیا آر بی آئی نے آج، مارچ میں جاری کیے گئے کثیر مقصدی فریم ورک کے تحت NBFCs کیلئے خود انضباطی تنظیموں SROs کو منظوری دینے کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ آر بی آئی نے ایک ریلیز میں کہا ہے کہ SROs کے طور پر منظوری کے خواہاں امیدوار 30 ستمبر تک اپنی درخواستیں جمع کرادیں۔

مرکزی بینک نے کہا ہے کہ SROs کو چھوٹے NBFCs کی منصفانہ نمائندگی کو یقینی بنانا چاہیے اور انھیں ابتدائی سطح پر NBFCs کی کل تعداد کا دس فیصد حصہ حاصل کرنا چاہیے۔

آر بی آئی نے کہا ہے کہ NBFC شعبے کیلئے زیادہ سے زیادہ دو SROs کو منظوری دی جائے گی۔x

SBI BONDS

بھارتیہ اسٹیٹ بینک نے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور کم قیمت پر مکان دستیاب کرانے کے پروجیکٹوں کیلئے فنڈنگ کے ذریعہ مالی سال 2025 میں 20 ہزار کروڑ روپے تک آمدنی حاصل کرنے کیلئے طویل مدتی بانڈز جاری کرنے کی منظوری دی۔ آج مرکزی بورڈ کی میٹنگ میں کہا گیا کہ یہ آمدنی سرکاری بانڈ یا نجی Placement کے ذریعہ حاصل کی جائے گی۔ بانڈز جاری کرنے کیلئے نئے منصوبے کے اعلان کے بعد SBI کے حصص کی قیمت میں آخری کلوزنگ کے مقابلے میں صفر اعشاریہ 9 پانچ فیصد کا اضافہ ہوگیا اور یہ 853 روپے پر رہا۔ اس ماہ کے شروع میں SBI کی لندن شاخ نے تین سال پرانے غیرضمانتی Floating ریٹ بانڈ کی فروخت کے ذریعہ دس کروڑ ڈالر کمائے تھے۔ اس دوران جنوری میں SBI نے 8 اعشاریہ تین چار فیصد کی کوپن شرح پر Perfetual بانڈز کی فروخت کے ذریعہ پانچ ہزار کروڑ روپے کمائے تھے۔

Coal Stock

ملک میں جاری گرمی کی شدید لہر اور بجلی کے مطالبے میں غیرمتوقع اضافے کے مدنظر، کوئلے کی وزارت نے کہا ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ملک کے کوئلے سے چلنے والے بجلی کے پلانٹس میں وافر ذخیرہ موجود رہے۔ کوئلے کی وزارت کے ذریعے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک میں اِس سال کوئلے پر مبنی بجلی کا اب تک کا سب سے زیادہ مطالبہ سامنے آیا ہے جس میں گذشتہ سال کے مقابلے سات اعشاریہ تین فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اس کے ردِّ عمل میں بجلی کے پلانٹوں میں کوئلے کے ذخیروں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اس وقت ملک کے

کوئلے سے چلنے والے بجلی کے پلانٹوں میں ذخیرہ 45 ملین ٹن سے تجاوز کر گیا ہے، جو کہ گذشتہ برس اِسی مدت کے مقابلے میں 31 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہے، جو اُس وقت 34 اعشاریہ دو پانچ ملین ٹن تھا۔x

COAL BLOCK

سرکار، جمعہ کے روز تجارتی کوئلے کے بلاک کی نیلامی کے دسویں دور کا آغاز کرے گی۔ کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی حیدرآباد میں تجارتی کوئلہ کے بلاک کی نیلامی کا آغاز کریں گے۔ کوئلہ کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ یہ بلاک مختلف ریاستوں اور خطوں میں واقع ہیں اور ان سے علاقائی اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا اور روزگار پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ X

KEJRIWAL CUSTUDY

آج دلی ایک عدالت نے دلی ایکسائز پالیسی گھوٹالے سے متعلق کالے دھن کو غیرقانونی ڈھنگ سے جائز بنانے کے معاملے میں ملزم دلی کے وزیراعلی اور عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کیجر یوال اور دیگر ملزم ونود چوہان کی عدالتی تحویل میں تین جولائی تک کی توسیع کردی ہے۔ دونوں ملزمین کو ان کی عدالتی تحویل ختم ہونے کے بعد آج تہاڑ جیل سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ عدالت کے سامنے پیش کیا گیا تھا۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے 21مارچ کو اروند کیجر یوال کو گرفتار کیا تھا۔ X

Kharge Statues

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے، ایوانِ پارلیمنٹ کمپلیکس میں سرکردہ لیڈروں کے مجسّموں کو دوسری جگہ تبدیل کرنے پر سوالات کئے ہیں۔ انھوں نے مطالبہ کیا ہے کہ مہاتما گاندھی، ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر اور دیگر مقامی لیڈروں کے مجسّموں کو کمپلیکس میں اُن کے اصل مقام پر دوبارہ نصب کیا جانا چاہئے۔ راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ کے نام ایک خط میں جناب کھڑگے نے کہا کہ ایوانِ پارلیمنٹ کے کمپلیکس میں ہر ایک مجسمہ اور اُس کا مقام بے پناہ قدر اور اہمیت رکھتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس ضمن میں فیصلے، متعلقہ فریقین کے ساتھ باقاعدہ تبادلۂ خیالات اور رائے لئے بغیر کئے گئے ہیں جو کہ پارلیمنٹ کے ضابطوں اور روایتوں کے خلاف ہے۔

لوک سبھا سکریٹریٹ نے یہ کہتے ہوئے کہ اِن مجسّموں کو ایوانِ پارلیمنٹ کے کمپلیکس سے ہٹایا نہیں گیا ہے، پہلے ہی سرکردہ لیڈروں کے مجسّموں کو دوسری جگہ نصب کرنے کے الزامات کو مسترد کردیا۔ اُس نے زور دیا ہے کہ اِن مجسّموں کو ایوانِ پارلیمنٹ کے کمپلیکس کے اندر ترتیب اور احترام کے ساتھ نصب کیا جارہا ہے۔x

Sickle Cell

آج Sickle سیل کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ نائب صدر جگدیپ دھنکڑ نے اس موقع پر مدھیہ پردیش کے Dindori کے مقام پر ایک پروگرام سے خطاب کیا۔ جناب دھنکڑ نے کہا کہ بھات کے 2047 میں آزادی کے 100

سال مکمل کرنے کے ساتھ ہی ملک میں Sickle Cell بیماری کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ Sickle Cell بیماری کے علاج کو آیوش مان کارڈ میں شامل کرنے کے بعد حکومت نے اس بیماری کے مکمل خاتمے کے اپنے عزم کو ثابت کردیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نریندرمودی نے کہا کہ حکومت اس بیماری سے وابستہ چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ٹیکنالوجی کی طاقت کو بروئے کار لارہی ہے۔ قبائلی امور کے مرکزی وزیر Jual Oram نے آج کہا کہ اس بیماری کے بارے میں سب سے بڑی غلط فہمی یہ ہے کہ یہ بیماری صرف قبائلی لوگوں کو ہی ہوتی ہے۔ X

Heat Stroke Deaths

ملک کے بہت سے حصے شدید گرمی کی لہر کی لپیٹ میں ہیں، صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے گرمی کی لہر کی صورتحال اور مرکزی حکومت کے اسپتالوں کی تیاری کا آج جائزہ لیا اور اِن اسپتالوں میں گرمی سے متاثر ہونے والوں کیلئے خصوصی یونٹ قائم کرنے کی ہدایت دی۔ انھوں نے حکام کو اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی کہ تمام اسپتال متاثرہ لوگوں کو صحت کی بہترین دیکھ بھال فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزارت صحت، خاص طور پر شمالی بھارت میں گرمی کی لہر کی شدید صورتحال پر غور کرتے ہوئے، ایک نئی ایڈوائزری پر کام کر رہی ہے۔ اِسی دوران، قومی راجدھانی کے رام منوہر لوہیا اسپتال، RML نے تصدیق کی ہے کہ اسپتال میں گذشتہ تین ہفتوں میں، گرمی کی شدت سے تعلق رکھنے والی بیماریوں کے باعث 9 افراد جاں بحق ہوچکے ہیں۔

شہر کے صفدر جنگ اسپتال نے بھی 9 افراد کے مرنے کی خبر دی ہے۔ اِن دو اسپتالوں نے بہت سے مریضوں کی اسپتال میں داخل ہونے کی بھی خبر دی ہے۔ دلّی کے دیگر اسپتالوں میں بھی گرمی کی شدت سے متاثر ہونے والے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے RML اسپتال میں میڈیسن کے پروفیسر ڈاکٹر اجے چوہان نے گرمی سے متاثر ہونے والے مریضوں کے علاج کیلئے اسپتال میں قائم کردہ خصوصی سہولیات کے بارے میں بات کی۔ ڈاکٹر چوہان نے اُن احتیاطی تدابیر کو بھی اجاگر کیا جو ہر کسی کو گرمی سے متعلق بیماری سے بچنے کیلئے اختیار کرنے چاہئیں۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ خطے کو متاثر کرنے والی مغرب سے چلنے والی ہواؤں کے باعث، کل اور پرسوں گرمی کی لہر سے کچھ راحت ملنے کا امکان ہے۔ آکاشوانی سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے IMD کے سائنسداں آر کے جینامنی نے کہا کہ ملک کے شمالی حصوں پر مغرب کی جانب سے چلنے والی ہواؤں کے اثرات سے، پنجاب، ہریانہ اور دلّی میں کسی کسی مقام پر گرج چمک اور ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔ البتہ یہ راحت عارضی ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ قومی راجدھانی میں آج درجۂ حرارت میں ایک سے دو ڈگری سیلسیس کی کمی ہوسکتی ہے۔ البتہ شہر میں رات کا درجۂ حرارت زیادہ ہی رہے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ شہر میں، 1969 کے بعد سے، جون کے مہینے میں اب تک کی سب سے زیادہ گرم رات رہی۔

شمالی اور وسطی بھارت میں جاری گرمی کی لہر اور زیادہ درجۂ حرارت سے متعلق جناب جینامنی نے کہا کہ ⊟

Nino کے ساتھ ساتھ تقریباً دو مہینوں کیلئے فعال مغربی ہواؤں اور بارش کی عدم موجودگی جیسے مقامی عام عناصر، اِس شدید گرمی کی صورتحال کا باعث بنے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ آنے والے دنوں میں کچھ راحت ملنے کی توقع ہے کیونکہ El Nino میں کمی ہو رہی ہے۔ جنوب مغرب مانسون سے متعلق IMD نے کہا کہ آئندہ پانچ دنوں کیلئے مانسون کے وسطی بھارت اور مشرقی بھارت کی جانب بڑھنے کا امکان ہے۔x

HAJJ PILGRIMAGE HEATWAVE

سعودی عرب کے مکہ مکرمہ میں درجہ حرارت 50 ڈگری سیلسیئس سے زیادہ ہوگیا جس کے سبب شدید گرمی سے مناسک حج کی ادائیگی کے دوران 550 سے زیادہ عازمین حج جاں بحق ہوگئے ہیں۔ اُن میں سے بیشتر کا تعلق مصر سے ہے جس کے کم ازکم 320 عازمین حج شدید گرمی اور اُس سے متعلق بیماریوں سے جاں بحق ہوگئے۔ اردن کے سفارتی ذرائع کے مطابق اِن میں اردن کے کم ازکم 60 شہری ہیں اور یہ تعداد بڑھ بھی سکتی ہے۔ کوہ عرفات میں مناسک کی ادائیگی سمیت زیادہ تر مناسک حج دن میں ادا کئے جاتے ہیں۔ حج اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک ہے جس کے لئے زندگی میں ایک مرتبہ استطاعت کے حامل مسلمانوں کو مکہ شہر جانا ہوتا ہے۔ اگرچہ ضروری انتظامات کئے گئے ہیں تاہم یہ انتظامات اس سال کی شدید گرمی سے نمٹنے کیلئے ناکافی ثابت ہورہے ہیں۔ X

☆☆☆☆☆☆☆